मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY**

(مرکزی یونیورسٹی)

گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032

**(نیشنل اسسمنٹ اینڈ ایکریڈیشن کونسل سے ''اے گریڈ'' یافتہ)**

**روزگار اعلامیہ**

**نمبر 54/2019**

**مورخہ 28رمئی 2019**

## معلوماتی کتابچہ

## دیگر اکیڈیمک وغیر تدریسی جائیدادیں

**درخواست کی آخری تاریخ: 8رجولائی 2019**

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY**

## روزگار اعلامیہ نمبر 2019/55 مورخہ 28رمئی 2019 کے ذریعہ مشتہر کردہ دیگر تعلیمی وغیر تدریسی جائیدادوں کا معلوماتی کتابچہ

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو)، کل ہند دائرہ کار کے ساتھ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایکٹ 1996 (1997 کے پارلیمنٹ ایکٹ نمبر 2 ) کے ذریعے قائم کردہ ایک مرکزی جامعہ ہے۔ یونیورسٹی کے مرکزی کیمپس واقع گچی باؤلی، حیدرآباد کے لیے حسبِ ذیل دیگر تعلیمی وغیر تدریسی جائیدادوں کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں:

| سلسلہ نشان | پوسٹ کا نام | تعداد پوسٹ | پے اسکیلس |
|---|---|---|---|
| ا۔ | کنٹرولر امتحانات | 01 (غیر محفوظ) | 1,44,200-2,18,200/- روپے (اکیڈیمک لیول 14) |
| ۲۔ | ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس | 01 (غیر محفوظ) | 1,44,200-2,18,200/- روپے (اکیڈیمک لیول 14) |
| ۳۔ | ڈپٹی ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس | 01 (غیر محفوظ) | 79,800-2,11,500/- روپے (اکیڈیمک لیول 12) |
| ۴۔ | اسسٹنٹ ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس | 01 (درج فہرست طبقہ) | 57,700-1,82,400/- روپے (اکیڈیمک لیول 10) |

## اقل ترین اہلیت، تجربہ، تقرر کا طریقہ کار وغیرہ کی تفصیلات

### 1. کنٹرولر امتحانات

(i) کم از کم 55 فیصد نمبرات کے ساتھ ماسٹرس ڈگری یا اس کے مماثل پوائنٹ اسکیل میں گریڈ، جب بھی گریڈنگ سسٹم استعمال کیا جائے گا۔

(ii) اکیڈیمک لیول 11 اور اُس کے اوپر بحیثیت اسسٹنٹ پروفیسر کم سے کم 15 سالہ تجربہ یا اکیڈیمک لیول 12 اور اس سے زیادہ بشمول اسوسی ایٹ پروفیسر، تعلیمی انتظامیہ کے تجربے کے ساتھ 8 سالہ خدمات۔

یا

اعلیٰ تعلیمی دیگر اداروں اور ریا کسی تحقیقی ادارے میں ہم مماثل تجربہ

**یا**

15 سالہ انتظامی تجربہ جس میں 8 سال بحثیت ڈپٹی رجسٹرار یا اُس کے مماثل۔

(iii) اردو سے واقفیت ۔ پڑھنا ،لکھنا اور بولنا

(iv) عمر: ترجیحی 57 سال سے کم

پسندیدہ:

(a) کسی مسلمہ ادارے سے کسی بھی مضمون میں پی ایچ ڈی

(b) یونیورسٹی امتحان یا دیگر مماثل امتحان کے کمپیوٹرائزڈ ماحول میں ماقبل اور مابعد انعقاد کا مناسب تجربہ

طریقہ کار تقرر: راست رمخصوص مدت رڈیپوٹیشن

---

**2. ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس**

A (i) فزیکل ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی

(ii) دس سالہ تجربہ بحثیت یونیورسٹی ڈپٹی ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن یا 15 سالہ بحثیت یونیورسٹی اسسٹنٹ ڈی پی ایز رکالج (سیلیکشن گریڈ)

(iii) کم سے کم دو قومی ربین الاقوامی سمینارس رکانفرنسوں میں شرکت

(iv) متواتر بہتر جائزہ رپورٹ

(v) کم سے کم دو ہفتے کی مدت کے مقابلوں اور کوچنگ کیمپس کے انعقاد کا ثبوت

(vi) ریاستی رقومی ربین جامعاتی رمشترکہ یونیورسٹی جیسے مقابلوں میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ٹیمیں راتھلیٹ کی تیاری کا ثبوت۔

B پسندیدہ: اردو سے واقفیت

---

**3. ڈپٹی ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس**

A. (i) فزیکل ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی۔ یونیورسٹی نظام سے باہر کے امیدوار، اس کے علاوہ، متعلقہ یونیورسٹی سے ماسٹرس ڈگری سطح پر کم از کم 55 فیصد نمبرات (یا اس کے

مماثل پوائنٹ اسکیل میں گریڈ، جب بھی گریڈنگ سسٹم استعمال کیا جائے گا) بھی حاصل کیے ہوں۔

(ii) آٹھ سالہ تجربہ بحثیت یونیورسٹی اسسٹنٹ ڈی پی ایز رکالج ڈی پی ایز، پی ایچ ڈی اور ایم فل ڈگری یافتگان کے لیے صرف دو سالہ اور ایک سالہ تجربہ۔ 31

(iii) کم سے کم دو ہفتے کی مدت کے مقابلوں اور کوچنگ کیمپس کے انعقاد کا ثبوت

(iv) ریاستی رقومی ربین جامعاتی رمشترکہ یونیورسٹی جیسے مقابلوں میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ٹیمیں راتھلیٹ کی تیاری کا ثبوت۔

(v) یو جی سی قوانین کے مطابق فزیکل فٹنس ٹسٹ کامیاب

یا

**B.** پوسٹ گریجویٹ ڈگری یافتہ جو اولمپک گیمس / ورلڈ کپ / ورلڈ کپ چیمپئن شپ میڈل جیتا ہوا ہو۔

**C.** پسندیدہ: اردو سے واقفیت

---

**4.** **اسسٹنٹ ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس**

**A.** (i) 55 فیصد نمبرات (یا اس کے مماثل پوائنٹ اسکیل میں گریڈ، جب بھی گریڈنگ سسٹم استعمال کیا جائے گا) کے ساتھ فزیکل ایجوکیشن اور اسپورٹس یا فزیکل ایجوکیشن

یا اسپورٹس سائنس میں ماسٹرس ڈگری۔

(ii) بین یونیورسٹی / بین کالیجیٹ مقابلوں یا ریاستی اور / یا نیشنل چیمپئن شپس میں یونیورسٹی / کالج کی نمائندگی کرنے کا ریکارڈ

(iii) مذکورہ قابلیت کے علاوہ امیدوار لازمی طور پر یو جی سی اور سی ایس آئی آر کا منعقد کردہ قومی اہلیتی ٹسٹ (NET)، یا اسی طرح کا یو جی سی منظورہ ٹسٹ، جیسے سلیٹ / سیٹ کامیاب ہو، یا ایسے امیدوار جو یا جنہیں فزیکل ایجوکیشن یا فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس یا اسپورٹس سائنس میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (ایم فل / پی ایچ ڈی ڈگری کے ایوارڈ کے لیے اقل ترین معیار اور طریقہ کار) قوانین، 2009 یا 2016 اور وقتاً فوقتاً اُن میں ترمیم کے مطابق جیسا ہو سکے، پی ایچ ڈی ڈگری دی گئی ہو۔

بشرطیکہ، 11 / جولائی 2009 سے قبل پی ایچ ڈی ڈگری کے لیے رجسٹرڈ امیدوار کو ڈگری عطا کرنے والے ادارے اُس وقت موجود قانون / ذیلی قوانین / قواعد کے تابع ہوں گی۔ ایسے پی ایچ ڈی ڈگری یافتہ کو مندرجہ ذیل شرائط کی تکمیل پر یونیورسٹیوں / کالجوں / اداروں میں اسسٹنٹ پروفیسر یا مساوی عہدوں پر بھرتی اور تقرری کے لیے نیٹ / سلیٹ / سیٹ کے لزوم سے مستثنیٰ کیا جائے گا۔

a) امیدوار کی پی ایچ ڈی ڈگری روایتی طرز پر عطا کی گئی ہو۔

b) پی ایچ ڈی مقالہ کی جانچ کم از کم دو بیرونی ممتحن سے کرائی گئی ہو۔

c) امیدوار نے کا پی ایچ ڈی زبانی امتحان (viva voce) سب کے سامنے منعقد کیا گیا ہو۔

d) امیدوار نے اپنی پی ایچ ڈی کے کام سے دو تحقیقی مقالے شائع کیے ہوں، جس میں سے کم از کم ایک مقالہ ریفریڈ جرنل میں ہوں۔

e) امیدوار نے اپنے پی ایچ ڈی کے کام پر مبنی کم سے کم دو تحقیقی مقالے کانفرنس / سمینار میں پیش کیے ہوں۔

نوٹ: متعلقہ یونیورسٹی کے رجسٹرار یا ڈین (تعلیمی اُمور) کی جانب سے شرائط (a) سے (e) تک کی تکمیل کی تصدیق کی جانی چاہیے۔

iv. ایسے مضمون کے ماسٹرس پروگرامس میں نیٹ / سلیٹ / سیٹ کی بھی ضرورت نہیں ہوگی جس کے لیے یو جی سی، سی ایس آئی آر کی جانب سے نیٹ / سلیٹ / سیٹ یا یو جی سی کے تسلیم کردہ مماثل امتحان جیسے سلیٹ / سیٹ منعقد نہ کیے جاتے ہوں۔

v. ان قواعد کے مطابق منعقدہ فزیکل فٹنس ٹسٹ کامیاب

یا

**B.** پوسٹ گریجویٹ ڈگری یافتہ جو ایشین گیم یا دولت مشترکہ گیم تمغہ جیتا ہوا ہو۔

**C.** **پسندیدہ:** اردو سے واقفیت

---

**یو جی سی قوانین کے مطابق لازمی جسمانی صحت ٹسٹ معیار برائے ڈائرکٹر / ڈپٹی ڈائرکٹر / اسسٹنٹ ڈائرکٹر، فزیکل ایجوکیشن**

(a) تمام امیدواروں کو جنہیں فزیکل فٹنس ٹسٹ کروانے کی ضرورت ہے، ٹسٹ کروانے سے پہلے اپنی طبی صحت کا تصدیق شدہ میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

(b) مندرجہ بالا ذیلی شق (ا) میں بیان کردہ سرٹیفکیٹ کی پیشکش پر، امیدوار کو مندرجہ ذیل معیارات کے مطابق فزیکل فٹنس ٹسٹ دینا ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **مرد کے لیے معیارات** | | | |
| 12 منٹ دوڑ / واک ٹسٹ | | | |
| 30 سال تک | 40 سال تک | 45 سال تک | 50 سال تک |
| 1800 میٹر | 1500 میٹر | 1200 میٹر | 800 میٹر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **خواتین کے لیے معیارات** | | | |
| 8 منٹ دوڑ / واک ٹسٹ | | | |
| 30 سال تک | 40 سال تک | 45 سال تک | 50 سال تک |
| 1000 میٹر | 800 میٹر | 600 میٹر | 400 میٹر |

نوٹ: خاتون امیدواروں کو درخواست دینے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ڈپٹی ڈائرکٹر / اسسٹنٹ ڈائرکٹر فزیکل ایجوکیشن کی دو جائدادوں میں سے ایک پر ترجیحاً خاتون اُمیدوار کا تقرر کیا جائے گا۔

## عام معلومات

1. منتخب امیدواروں کو ضرورت اور حالات کے پیش نظر مین کیمپس، حیدرآباد یا ملک بھر میں پھیلے ہوئے یونیورسٹی کے کسی بھی ادارے میں تعینات کیا جاسکتا ہے۔

2. یو جی سی (www.ugc.ac.in) / NCTE / AICTE کے مصرحہ اہلیت کا حسبِ معاملہ وقتاً فوقتاً اطلاق ہوگا۔ اس میں نظرثانی / تبدیلی / ترمیم وغیرہ کا بھی اطلاق ہوگا۔

3. ایس سی/ ایس ٹی/ جسمانی معذورین (جسمانی اور بینائی سے معذور)/ دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) (غیر بالائی سطح) زمروں کے اُمیدواروں کو تدریسی جائیدادوں پر راست تقرر کے لیے اہلیت میں گریجویشن اور ماسٹرس کی سطح پر 5 فیصد کی رعایت کی جائے گی۔ نشانات کے لحاظ سے اہلیت 55 فیصد (یا اس کے مساوی گریڈ جہاں گریڈنگ سسٹم کا نفاذ ہو) اور مندرجہ بالا زمروں کے لیے صرف کوالفائنگ مارکس پر 5 فیصد کی رعایت ہوگی جس میں رعایتی نشان کا طریقہ کار شامل نہیں ہے۔

4. یونیورسٹی کے آرڈیننس نمبر 1 کے شق-6 کو اس طرح پڑھا جائے گا ''یونیورسٹی کے صیغہ 4 کے مطابق، اس یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔لہٰذا، ایک عام پالیسی کے طور پر، یہ ضروری ہے کہ امیدوار کو تدریس (اردو زبان میں لکھنے، پڑھنے، سمجھنے اور پڑھانے کی معلومات کا واضح مظاہرہ کرے) اردو میڈیم میں کرنی ہوگی، اس کی جانچ سلیکشن کمیٹی انٹرویو کے دوران کرے گی۔ اس شرط کو ہر اشتہار میں لازمی اہلیت کے تحت دیا جائے گا۔

5. ایسے امیدوار جنھوں نے 19 رستمبر 1991 سے قبل ماسٹرس ڈگری حاصل کی ہو اور پی ایچ ڈی ہوں کو اہلیت کے لیے 5 فیصد کی رعایت دی جائے گی یعنی 55 فیصد کے بجائے 50 فیصد پر وہ اہل ہوں گے۔

6. مسلمہ یونیورسٹیوں میں جہاں بھی گریڈنگ نظام ہے وہاں 55 فیصد نشانات کے مساوی گریڈس کو اہل تصور کیا جائے گا۔

7. صراحت کردہ قابلیت اور تجربہ اقل ترین ہیں۔ضروری نہیں کہ صرف اہلیت کے حامل تمام امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلایا جائے۔ یونیورسٹی کو یہ حق حاصل رہے گا کہ وہ امیدواروں کو ایک مقررہ حد تک انٹرویو کے لیے بلائے۔معقول تعداد میں درخواستوں کی وصولی پر یونیورسٹی کو حق حاصل رہے گا کہ کم از کم قابلیت و تجربہ یا کسی اور طریقۂ کار جو بھی مناسب ہو میں اضافہ کرتے ہوئے کچھ درخواستوں کو مسترد کردے۔ اس کے لیے یونیورسٹی اسکریننگ کمیٹی تشکیل دے سکتی ہے جو اُمیدواروں کی جانچ کرتے ہوئے امیدواروں کو شارٹ لسٹ کرے۔امتحان/ انٹرویو کے لئے کال لیٹر صرف شارٹ لسٹیڈ امیدواروں کو ہی بھیجا جائے گا اور جن امیدواروں کو شارٹ لسٹ نہ کیا گیا ہو انہیں اس سلسلے میں کوئی اطلاع یا معلومات نہیں دی جائیں گی۔

8 (i) جن امیدواروں کو 2009ء کے بعد پی ایچ ڈی ڈگری سے نوازا گیا ہے ان کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی یونیورسٹی سے سرٹیفکیٹ لائیں جس میں پی ایچ ڈی ڈگری یو جی سی کے ضوابط 2009 کے مطابق دیئے جانے (پی ایچ ڈی/ ایم فل ڈگری تفویض کرنے کا کم از کم معیار اور طریقۂ کار) کی صراحت ہو۔

(ii) ضرورت پڑنے پر پی ایچ ڈی میں کورس ورک کی تکمیل کی مارکس شیٹ کی نقل بھی ساتھ لگانی ہوگی۔

9. یونیورسٹی کو کسی اہلیت، تجربہ، عمر، وغیرہ میں رعایت دینے کا حق حاصل ہے۔

10. اشتہار کردہ جائداد پر اہل امیدوار نہ ملنے کی صورت میں یونیورسٹی امیدوار جس نے اعلیٰ عہدے کے لیے درخواست دی ہو کو کم عہدہ پیش کر سکتی ہے۔

11. یونیورسٹی موزوں افراد کے نام پر جو کہ درخواست گزار نہ ہو لیکن متعلقہ شعبہ کے ماہرین کا سفارش کردہ ہو، غور کر سکتی ہے۔

12. اشتہار اور سلیکشن کمیٹی کی میٹنگ کی درمیان مزید جائیدادیں نکل آتی ہیں تو یونیورسٹی انتخاب کے وقت جائیدادوں میں کمی وبیشی کا حق ہوگا۔ روزگار اعلامیہ اور اس کتابچہ میں جائیدادوں کی صراحت کردہ تعداد قطعی نہیں ہے۔

13. پینل کی جانب سے منتخب شدہ/ ویٹ لسٹیڈ امیدواروں کی مدت تاریخ انتخاب سے ایک سال ہوگی۔

14. امیدوار اپنے اخراجات پر دیئے گئے وقت پر مقامِ انٹرویو پہنچیں گے۔ تاہم، معذوری کے زمرے کے امیدواروں کو صرف انہی کے آنے اور جانے کے لیے نزدیکی راستہ کا ریل کے ذریعہ سلیپر کلاس کے ٹکٹ کی بازادائیگی کی جائے گی۔ اگر امیدوار ایسے علاقے کا ہو جہاں ریل کی سہولت نہ ہو ایسی صورت میں آرڈنری بس نزدیکی روٹ کا ٹکٹ جمع کرنے پر بازادائیگی کی جائے گی۔ مندرجہ بالا رعایت ان معذور امیدواروں کو نہیں ہوگی جو کسی مرکزی/ ریاستی حکومت میں برسرِ خدمت ہیں یا یونیورسٹی/ خودمختار اداروں/ پی ایس یوز / مقامی حکومت/ پنچایتوں کے تحت کسی دوسرے روزگار سے منسلک ہیں۔

15. **کسی بھی امیدوار کی جانب سے کسی بھی شکل میں سفارش کرنے پر اسے نااہل قرار دیا جائے گا۔**

16. انتخابی کمیٹی امیدواروں کی کارکردگی کی جانچ کا اپنا طریقہ کار اختیار کرسکتی ہے۔ یونیورسٹی سیمینار یا کولوکیم کو بھی انتخابی طریقہ بنا سکتی ہے۔

17. برسرِخدمت اُمیدواروں کو مناسب چینل سے درخواست دینی ہوگی اور انٹرویو کے وقت این او سی لانا ہوگا۔ اس کے بغیر ان کا انٹرویو نہیں لیا جائے گا۔

18. ڈیپوٹیشن پر تقرری کے لئے درخواست اصل ادارے کی طرف سے آنی چاہیے ساتھ ہی گذشتہ 5 سال کے اینول پرفارمنس اپرائزل رپورٹس (APARs) اور اعلیٰ حکام کا تصدیق شدہ وجیلنس کلیرنس سرٹیفکیٹ لانا ہوگا۔

19. ہر جائیداد کے لیے علیحدہ درخواست دینی ہوگی۔ اسی طرح ایک ہی پوسٹ کے مختلف زمروں کے لیے الگ الگ فارم داخل کرنا ہوگا۔

20. دیگر تعلیمی جائیدادوں (جسمانی تعلیم) کی عمر کی حد 62 سال ہے۔ ریاستی یونیورسٹیوں سے ریٹائرڈ امیدواروں کی درخواستوں کو دوبارہ روزگار کے طور پر غور کیا جاسکتا ہے لیکن ان کی تنخواہیں محکمہ پنشن اینڈ ٹریننگ کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق ہوں گی۔

21. قابلیت، تجربہ، وغیرہ کو درخواست کے ادخال کی آخری تاریخ یعنی 08.07.2019 سے شمار کیا جائے گا۔ درخواست کے ساتھ تمام اہم اسناد کے واضح فوٹو کاپی داخل کرنی ہوگی۔ درخواست کو جمع کرنے کی آخری تاریخ کے بعد کسی بھی دستاویز/معلومات کو درخواست فارم میں شامل کرنے کی اپیل پر غور نہیں کیا جائے گا۔

22. کسی بھی طرح سے نامکمل درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

23. انٹرویو/ انتخاب کے دوران کسی بھی سوال کا جواب نہیں دیا جائے گا۔

24. غیر متوقع مسائل کی صورت میں یونیورسٹی کو اختیار ہے کہ اشتہار میں صراحت کردہ کسی جائیداد پر تقرر نہ کرے۔

25. کسی بھی مرحلے پر ڈاک کے تاخیر سے پہنچنے پر یونیورسٹی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

26. حکومت ہند کی جانب سے یکم رجنوری 2004ء میں متعارف کی گئی نئی پنشن اسکیم کا اطلاق ہوگا۔ تاہم منتخب امیدوار اگر مرکزی/ ریاستی ملازمِ سرکار یا مرکزی/ ریاستی کے قائم کردہ خودمختار ادارے میں برسرِخدمت ہے اور اس کا تقرر 31 ردسمبر 2003 یا اس سے قبل ہوا ہو، حکومت ہند، محکمہ شخصی و انتظامی اصلاحات، دفتری یادداشت نمبر 28-10/84 پنشن یونٹ مورخہ 29 راگست 1984ء ساتھ میں محکمہ وظیفہ و بہبودیِ وظیفہ یاب، دفتری یادداشت نمبر 28-(10)/84-P & PW/Vol.II مورخہ 7 رفروری 1986ء جس پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی گئی، سول سروسز (وظیفہ) قواعد 1972 کے مطابق قدیم پنشن اسکیم کے تحت رکھا جائے گا۔ وہ اپنی خدمات قاعدہ (2)26 برائے مرکزی سول سروسز (وظیفہ) قواعد، 1972 یا دفتری یادداشت مورخہ 29 راگست 1984ء کے تحت جسے دفتری یادداشت 7 رفروری 1986 ساتھ پڑھا جائے گا کے تحت اپنے موجودہ ادارے سے وظیفہ اور بہبودیِ وظیفہ دفتری یادداشت

(B) 28/30/2004-P&PW مورخہ 26/جولائی 2005 جس میں دفتری یادداشت مثبت نمبر مورخہ 28/اکتوبر 2009 کو توسیع کردہ کے تحت تکنیکی استعفیٰ دے کر مانو میں جہاں 31/دسمبر 2003ء سے پہلے تقرر کردہ ملازمین کے لیے سول سروسز (وظیفہ) قواعد 1972 کا پہلے ہی سے اطلاق ہے، ریٹائرمنٹ کے فوائد کے ساتھ اپنی سابقہ خدمات شمار کرسکتے ہیں۔

27. یونیورسٹی کے خلاف کسی بھی تنازعہ/مقدمہ یا قانونی کارروائی کی صورت میں کارروائی حیدرآباد کی عدالتوں تک محدود ہوگی، جو یونیورسٹی کا ہیڈکوارٹر ہے۔

کس طرح درخواست دیں:

i) درخواست فارم صرف یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر دستیاب ہے اور وہیں سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔امیدواروں کو پُر کی ہوئی درخواستیں لازمی دستاویزات کی نقل (زیراکس) اور رجسٹریشن فیس 500 روپئے کا کسی بھی نیشنلائزڈ بینک سے مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے نام سے حاصل کیا گیا ڈیمانڈ ڈرافٹ جو حیدرآباد میں قابل ادا ہو داخل کریں۔ پُر کردہ درخواست فارم بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ/ اسپیڈ پوسٹ 8/جولائی 2019 یا اس سے قبل مندرجہ ذیل پتہ پر پہنچ جانا چاہیے:

ڈپٹی رجسٹرار (منتظمہ وبھرتی-I)
کمرہ نمبر 110 (پہلی منزل)، عمارت انتظامی
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی،
گچی باؤلی، حیدرآباد، 500032 (تلنگانہ)

ii) ایس سی/ ایس ٹی/ جسمانی معذورین اور خاتون امیدوار رجسٹریشن فیس کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہیں۔

iii) جو لوگ ڈاک کے ذریعہ درخواست جمع کررہے ہیں وہ خود کا نام اور پتہ لکھا ہوا لفافہ جس پر 5 روپئے کا پوسٹل اسٹامپ ہو منسلک کریں۔ درخواست دہندگان کو جس جائیداد کے لیے درخواست دی جارہی اس کا نام، اپنا نام اور پتہ ڈیمانڈ ڈرافٹ کے پیچھے لکھنا ضروری ہے۔(چیک/منی آرڈر/ پوسٹل آرڈر قبول نہیں کیے جائیں گے)۔ایک بار ادائیگی کے بعد فیس کسی بھی صورت میں واپس نہیں کی جائے گی۔آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں اور نامکمل درخواستیں اور بغیر فیس کے داخل کردہ درخواستوں کو یکسر مسترد کردیا جائے گا۔یونیورسٹی کسی بھی مرحلے میں ڈاک کی کسی بھی تاخیر کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگی۔

نوٹ: اگر درخواست دہندہ سروس میں ہے اور متعلقہ ادارے کی جانب سے تصدیق، یونیورسٹی کو روانہ کرنے میں تاخیر کا اندیشہ ہے تو امیدوار اصلی ڈیمانڈ ڈرافٹ اور تمام منسلکات کے ساتھ ''ایڈوانس کاپی'' روانہ کرسکتے ہیں۔مناسب چینل سے آنے والی درخواست کے ساتھ ڈیمانڈ ڈرافٹ نقل (زیراکس) لگائیں۔اگر آخری تاریخ تک متعلقہ ادارے سے درخواست نہ پہنچ سکے تو ایسی صورت میں امیدوار کو انٹرویو پر بلائے جانے کے موقع پر اپنے ادارے سے ''نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ'' لانا ہوگا۔

درخواست گزاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ انٹرویو کے لیے منتخب امیدواروں کی فہرست، نتائج، تصحیح، غلطیوں اور سہو وغیرہ کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

رجسٹرار

مقام: حیدرآباد
تاریخ: 28/مئی 2019